(6 pages)

MAY 2024 **U/ID 33279/ULF4A**

Time : Three hours Maximum : 75 marks

SECTION A – (10 × 2 = 20 marks)

نوٹ : کوئی دس سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔
ایک یا دو جملوں میں جواب دیجئے۔

۱۔ ع ''وقت ٹھہرا ہے نہ شاعر کی نوا ٹھہری ہے''
اس کا مصرع اولیٰ کیا ہے؟

۲۔ ع ''دنیا کے ستم یاد، نہ اپنی ہی وفا یاد''
اس کا مصرع اولیٰ کیا ہے؟

۳۔ غزل کی کوئی ایک خصوصیت بیان کیجئے۔

۴۔ ''مقطع'' کسے کہتے ہیں؟

۵۔ غزل کے پہلے شعر کو کیا کہا جاتا ہے؟

۶۔ رباعی میں کل کتنے مصرعے ہوتے ہیں؟

۷۔ ایک شعر میں کل کتنے مصرعے ہوتے ہیں؟

۸۔ ''بدلی کا چاند'' کس کی لکھی ہوئی نظم ہے؟

۹۔ کسی دو نظم نویس شعراء کے نام بتائیے۔

۱۰۔ شاکر نائطی کا پورا نام کیا ہے؟

۱۱۔ نظم ''شکوہ'' کے جواب میں اقبال نے کون سی نظم لکھی تھی؟

۱۲۔ غالب کی غزل کا کوئی ایک شعر لکھئے؟

SECTION B – (5 × 5 = 25 marks)

نوٹ : ذیل کے کسی پانچ اشعار کی صنف وشاعر کے حوالے سے تشریح کیجئے۔

۱۳۔ عہد جوانی رورو کاٹا پیری میں لیں آنکھیں موند
یعنی رات بہت تھے جاگے صبح ہوئی آرام کیا

۱۴۔ شمع کی مانند ہم اس بزم میں
چشم نم آئے تھے، دامن تر چلے

۱۵۔ ہو عمر خضر بھی تو کہیں گے بوقت مرگ
ہم کیا رہے یہاں ابھی آئے ابھی چلے

۱۶۔ دل ہی تو ہے نہ سنگ وخشت، درد سے بھر نہ آئے کیوں
روئیں گے ہم ہزار بار، کوئی ہمیں ستائے کیوں

۱۷۔ وصال کو ہم ترس رہے تھے جو اب ہوا تو مزا نہ پایا
عدو کے مرنے کی جب خوشی تھی کہ اس کو رنج والم نہ ہوتا

۱۸۔ کیا لطف کہ میں اپنا پتہ آپ بتاوں
کیجے کوئی بھولی ہوئی خاص اپنی ادا یاد

۱۹۔ کو بہ کو پھیل گئی بات شناسائی کی
اس نے خوشبو کی طرح میری پذیرائی کی

SECTION C – (3 × 10 = 30 marks)

نوٹ : کوئی تین سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔
ہر جواب پانچ سو الفاظ سے کم نہ ہو۔

۲۰۔ نظم ''بدلی کا چاند'' میں جوش ملیح آبادی نے کن خیالات کا اظہار کیا ہے؟ وضاحت کیجئے۔

۲۱۔ اقبال کی نظم ''جواب شکوہ'' کا خلاصہ لکھئے۔

۲۲۔ فیض احمد فیض کی نظم ''صبح آزادی'' کا خلاصہ بیان کیجئے۔

۲۳۔ نظم ''تاج محل'' میں ساحر لدھیانوی نے کن خیالات کا اظہار کیا گیا ہے؟ انتقادی جائزہ لیجئے۔

۲۴۔ ذیل کے عناوین میں سے کسی ایک پر سیر حاصل مضمون لکھئے :

(الف) شجر کاری کی اہمیت اور ضرورت۔

(ب) قومی یکجہتی۔

(ج) اخلاق اور تعلیم ہی عورت کا زیور ہے۔
